الجزء الحادي عشر

يَعْتَذِرُونَ إِلَيْكُمْ إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَيْهِمْ ۚ قُل
جب تم اُنکے پاس پلٹ کر آؤ گے تو وہ تمہارے پاس عذر بنا کر لائینگے تم اُنسے کہدو کہ
لَّا تَعْتَذِرُوا لَن نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّأَنَا اللَّهُ مِنْ أَخْبَارِكُمْ ۚ
(جھوٹے) عذر نہ بناؤ ہم تمہاری بات ہرگز نہ مانینگے۔ خدا تعالےٰ نے ہمکو تمہارے احوال سے (پہلے ہی) مطلع کر دیا ہے
وَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ
اور عنقریب اللہ اور اللہ کا رسول تمہارے طرز عمل کو دیکھ لینگے پھر تم غائب وحاضر کے جاننے والے کی پاس
الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝
لوٹائے جاؤ گے پس جو جو عمل تم کیا کرتے تھے اُس سے وہ تمکو آگاہ کردیگا
سَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَكُمْ إِذَا انقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوا
عنقریب وہ تمہارے سامنے جبکہ اُنکے پاس تم پلٹ کر آؤ گے (اگر) خدا کی قسم کھائینگے کہ تم اُنسے درگزر کرو
عَنْهُمْ ۖ فَأَعْرِضُوا عَنْهُمْ ۖ إِنَّهُمْ رِجْسٌ ۖ وَمَأْوَاهُمْ
پس تم بھی اُن سے درگزر کرنا وہ یقیناً نجس ہیں اور اُنکا ٹھکانا بسبب اُن اعمال کے جو وہ
جَهَنَّمُ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ يَحْلِفُونَ
کیا کرتے ہیں جہنم ہے وہ تمہارے سامنے
لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۖ فَإِن تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَرْضَىٰ
اس لئے حلف اُٹھاتے ہیں کہ تم اُنسے راضی ہوجاؤ پھر اگر تم اُنسے راضی بھی ہوجاؤ تو اللہ تو نافرمان
عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ۝ الْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْرًا وَ
لوگوں سے (یقیناً) راضی نہ ہوگا بدو لوگ کفر اور نفاق میں بہت ہی بڑھے ہوئے ہیں
نِفَاقًا وَأَجْدَرُ أَلَّا يَعْلَمُوا حُدُودَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ
اور اسی لائق ہیں کہ جو احکام اللہ نے اپنے رسول پر نازل کئے ہیں اُن سے
عَلَىٰ رَسُولِهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝ وَمِنَ الْأَعْرَابِ
آگاہ نہ ہوں اور اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے اور بدوؤں میں سے کوئی کوئی

مَنْ يَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ

ایسا بھی ہے کہ جو کچھ وہ (راہِ خدا میں) خرچ کرتا ہے اُسے تاوان ٹھہراتا ہے اور تمپر زمانہ کی گردشوں کے

عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ وَمِنَ

پڑنیکا منتظر رہتا ہے بُری گردش اُنہی پر پڑیگی اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے اور گنوار

الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ

عربوں میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اور جو کچھ بھی

مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ۭ اَلَآ اِنَّهَا

(راہِ خدا میں) خرچ کرتا ہو اُسے خدا یتعالےٰ کی قربت کا اور رسُول کی دعا کا وسیلہ سمجھتا ہے آگاہ ہو کہ وہ

قُرْبَةٌ لَّهُمْ ۭ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

خرچ کرنا ضرور اُنکے لئے قربت کا باعث ہوگا عنقریب خدا یتعالےٰ اُنکو اپنی رحمت میں داخل کریگا بیشک اللہ بڑا

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ ع ۱۰ / ۱

بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور مہاجرین وانصار میں سے سب سے پہلے (ایمان کی طرف) سبقت

وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

کرنیوالے اور وہ لوگ جنہوں نے نیکی میں اُنکی پیروی کی خدا یتعالےٰ اُنسے راضی ہوگیا

وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ

اور وہ خدا یتعالےٰ سے راضی ہوگئے اور اُنکے لئے ایسے باغ تیار کئے ہیں جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ وَمِمَّنْ

وہ اُن میں ہمیشہ ہمیشہ رہینگے یہی سب سے بڑی کامیابی ہے اور تمہارے آس پاس

حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ڔ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ڀ مع ۵

کے بدوؤں میں سے بعض منافق ہیں اور بعض اہلِ مدینہ میں سے (بھی) انفاق پر اڑے

مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۣ لَا تَعْلَمُهُمْ ۭ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۭ سَنُعَذِّبُهُمْ عند المتقدمين ۱۲

ہیں (اے رسُول) تم اُنکو نہیں جانتے ہم اُنکو خوب جانتے ہیں عنقریب ہم اُنکو دوہرا

مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ۝ وَاٰخَرُوْنَ

عذاب دینگے پھر وہ بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائینگے اور دوسرے کچھ ایسے بھی ہیں

اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا

جنہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار بھی کر لیا (اور) اُنہوں نے عمل نیک کو عمل بد کے ساتھ مخلوط کر دیا

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ خُذْ

امید ہے کہ اللہ اُنکی توبہ قبول کرے بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اُنکے مال

مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ

میں سے صدقہ لیلو کہ اُنکو بھی پاک کردو اور اس صدقہ لینے کی وجہ سے اُنکے مال کو بھی بڑھا دو

عَلَيْهِمْ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

اور اُنکے لئے دعاء رحمت کرو کہ تمہاری دعا رحمت کرنا اُنکی تسکین کا باعث ہوگا اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ

کیا اُنہوں نے اس بات کو نہیں جانا کہ اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور (اُنسے) صدقات

وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

لے لیتا ہے اور یہ کہ بیشک اللہ ہی سب سے بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے

وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

اور اُنسے یہ کہدو کہ تم عمل کئے جاؤ عنقریب اللہ اور اُسکا رسول اور ایمان دینے والے تمہارے اعمال کو دیکھ لینگے

وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ

اور عنقریب تم غائب و حاضر کے جاننے والے کی حضور میں واپس کئے جاؤ گے اور جو کچھ تم کیا کرتے تھے اُس سے

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ

وہ تم کو آگاہ کردیگا اور کچھ ایسے بھی ہیں جو خدا کے فیصلہ کے امیدوار ہیں

اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

کہ دیکھیں وہ اُنکو عذاب دیتا ہے یا اُنکی توبہ قبول کرلیتا ہے اور خدا بیحد جاننے والا (اور) صاحب حکمت ہے

ربع

وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَكُفْرًا وَتَفْرِيقًا بَيْنَ

اور وہ لوگ جنہوں نے ایک مسجد ضرر پہنچانے کے لئے اور مومنین کے مابین پھوٹ ڈالنے کے لئے اور جو شخص پہلے سے خدا اور

الْمُؤْمِنِينَ وَإِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ مِن

خدا کے رسول سے لڑا کرتا تھا اُسکو گھات کا موقع دینے کے لئے بنائی ہے اور وہ ضرور حلف اٹھائیں گے

قَبْلُ ۚ وَلَيَحْلِفُنَّ إِنْ أَرَدْنَا إِلَّا الْحُسْنَىٰ ۖ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ

یہ کہینگے کہ ہمارا ارادہ تو اس سے سوائے نیکی کے اور کچھ بھی نہ تھا حالانکہ اللہ اس بات کی گواہی دیتا ہے

لَكَاذِبُونَ ۝ لَا تَقُمْ فِيهِ أَبَدًا ۚ لَّمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَىٰ

کہ وہ یقیناً جھوٹے ہیں اُس مسجد میں تم کبھی نماز نہ پڑھنا البتہ وہ مسجد جسکی بنیاد پہلے ہی دن سے تقوے پر رکھی گئی

مِنْ أَوَّلِ يَوْمٍ أَحَقُّ أَن تَقُومَ فِيهِ ۚ فِيهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ

اس کی زیادہ مستحق ہے کہ تم اُس میں نماز پڑھتے رہو اُسمیں ایسے لوگ ہیں جو پاک رہنے کو

أَن يَتَطَهَّرُوا ۚ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِينَ ۝ أَفَمَنْ أَسَّسَ

دوست رکھتے ہیں اور اللہ (بھی) پاک رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے آیا وہ شخص جو اپنے (دین کی)

بُنْيَانَهُ عَلَىٰ تَقْوَىٰ مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ أَم مَّنْ أَسَّسَ

بنیاد خدا کے خوف اور اُسکی خوشنودی پر رکھے بہتر ہے یا وہ شخص جو اپنی بنیاد پھٹتے ہوئے کراڑے

بُنْيَانَهُ عَلَىٰ شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ ۗ

کے کنارے پر رکھے جو گرا چاہتا ہو پھر وہ مع اُسکے آتش جہنم میں جا گرے

وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ

اور اللہ ظالم لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا اُنکی بنیاد جنہوں نے (یہ مسجد)

الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ إِلَّا أَن تَقَطَّعَ قُلُوبُهُمْ ۗ وَاللَّهُ

بنائی تھی ہمیشہ اُنکے دلوں میں شک کا باعث رہیگی جبتک کہ اُنکے دلوں کے ٹکڑے نہ اُڑجائیں اور اللہ

عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝ إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ ع ۱۳ ۱۱ ۲

صاحب علم و حکمت ہے بیشک اللہ نے مومنوں سے اُنکی جانیں اور اُنکے مال اس بات کے معاوضہ میں

وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

خرید لئے ہیں کہ انکے لئے جنت ہے وہ راہ خدا میں لڑتے ہیں پس وہ قتل

فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرَاةِ

کرینگے بھی اور قتل کئے بھی جائینگے اسی پر سچا وعدہ توریت میں اور انجیل میں اور

وَالْإِنجِيلِ وَالْقُرْآنِ وَمَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ مِنَ اللَّهِ

قرآن میں موجود ہے اور اللہ سے زیادہ اپنا عہد پورا کرنیوالا کون ہوگا

فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِي بَايَعْتُم بِهِ وَذَٰلِكَ

پس یہ سودا جو تم نے اللہ سے کیا ہے اس سے خوش ہو جاؤ اور یہی

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ○ التَّائِبُونَ الْعَابِدُونَ الْحَامِدُونَ

سب سے بڑی کامیابی ہے وہ توبہ کرنیوالے عبادت کرنیوالے تعریف کرنیوالے

السَّائِحُونَ الرَّاكِعُونَ السَّاجِدُونَ الْآمِرُونَ

روزہ رکھنے والے رکوع کرنیوالے سجدہ کرنیوالے نیکی کا حکم

بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّاهُونَ عَنِ الْمُنكَرِ وَالْحَافِظُونَ

دینے والے اور بدی سے باز رکھنے والے اور احکام خدا کی حفاظت کرنیوالے

لِحُدُودِ اللَّهِ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ○ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ

ہیں اور انہی ایمان والوں کو خوشخبری سنا دو نبی کا اور ان لوگوں کا جو ایمان لائے ہیں

آمَنُوا أَن يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا

یہ کام نہیں ہے کہ وہ مشرکوں کے لئے دعائے مغفرت مانگیں بعد اسکے کہ ان پر یہ بات کھل چکی ہو

أُولِي قُرْبَىٰ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ

کہ وہ جہنمی ہیں گو وہ قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہوں

الْجَحِيمِ ○ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَن

اور ابراہیم کا اپنے چچا کے لئے دعا مانگنا تو ایک وعدہ کے سبب

مَوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ

تھا جو انہوں نے اس سے کر لیا تھا پھر جب اُن پر یہ بات کھل گئی کہ وہ خدا کا دشمن ہے تو انہوں نے

تَبَرَّاَ مِنْهُ ۭ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ۝ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

اُس سے تبرا کیا بیشک ابراہیم بڑے نرم دل (اور) بُردبار تھے اور خدا کا یہ کام نہیں ہے

لِيُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا

کہ کسی قوم کو ہدایت کرنیکے بعد اُن سے توفیق ہدایت سلب کر لے جبتک کہ اُنپر کھول نہ دے کہ اُنکو

يَتَّقُوْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ

کس کس چیز سے بچنا چاہئے بیشک اللہ ہر چیز سے آگاہ ہے بیشک آسمانوں کی اور زمین کی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ

بادشاہی خدا ہی کی ہے وہی جلاتا اور مارتا ہے اور تمہارا اللہ کے سوا نہ کوئی

دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَي

حامی ہے اور نہ مددگار بیشک اللہ نے نبی اور اُن مہاجرین

النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ

اور انصار کی توبہ قبول کر لی جنہوں نے تنگی کے حال میں (بھی) نبی کا ساتھ دیا

الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ

بعد اِسکے کہ اُن میں سے ایک فریق کا دل حق سے ہٹ چلا تھا تھا

ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَّ

پھر اُسنے اُنکی توبہ قبول کی وہ بیشک وہ اُنپر بڑا مہربانی کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور

عَلَي الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ

اُن تینوں کی (بھی) توبہ قبول کی جو پیچھے چھوڑ دیئے گئے تھے یہاں تک کہ زمین اُنپر باوجود اپنی ساری

الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَ

وسعت کے تنگ ہو گئی تھی اور اُنکو اپنی جان بھی دوبھر معلوم ہونے لگی تھی اور

ظَنُّوْا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ

انکو یہ یقین ہو گیا تھا کہ خدا (کے غضب) سے بھاگ کر کہیں اور پناہ نہیں ہے سوائے اسکے کہ اُسی کی پناہ مانگی

لِيَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

جائے پھر خدا نے اُنکی توبہ قبول کر لی تاکہ وہ پہلی حالت کی طرف عود کریں بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا اور بڑا رحم کرنیوالا ہے

ع ۸ ۱۴ ۳

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ مَا كَانَ

ایمان لانیوالو اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ساتھ ہو رہو مدینہ کے رہنے والوں کا

لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ

اور اُنکے آس پاس جو بدو رہتے ہیں اُنکا یہ کام نہیں ہے کہ وہ

يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ

رسول اللہ کا ساتھ چھوڑ کر بیٹھ رہیں اور نہ یہ کہ رسول کی جان سے زیادہ اپنی جان کی

نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ

پروا کریں یہ اس لئے کہ اُنکو راہِ خدا میں پیاس کی تکلیف پہنچتی ہے تو کوئی رنج

وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا

پہنچتا ہے تو۔ اور بھوک کی تکلیف ہوتی ہے تو اور کوئی ایسا راستہ چلتے ہیں جس سے

يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ

کفار کو غصہ دلائیں تو اور دشمنوں سے کوئی چیز چھین لیتے ہیں تو بہر صورت اُنکے لئے عمل صالح

لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (۱۱)

لکھ لیا جاتا ہے بیشک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا

وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ

اور وہ چھوٹا خرچ کرتے ہیں تو اور بڑا خرچ کرتے ہیں تو اور کوئی مسافت

وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا

طے کرتے ہیں تو۔ وہ بھی اُنکی لکھ لی جاتی ہے تاکہ جو جو عمل وہ کیا کرتے تھے اُس سے بہتر بدلہ اللہ تعالیٰ

منزل

کونوا مع الصادقین تفسیر ... میں ہے کہ صادقین سے مراد ائمہ معصومین علیہم السلام ہیں۔ ...

يَعْمَلُونَ ۝ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنفِرُوا كَافَّةً ۚ

انکو دیدے اور مومنوں کے لئے یہ کچھ ضرور نہیں ہے کہ وہ سب کے سب گھر سے نکل پڑیں

فَلَوْلَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا

پس انکے لئے ہر بڑے گروہ میں سے ایک چھوٹا سا جتھا اس غرض سے کیوں نہیں نکلتا کہ دین کا علم

فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ

حاصل کرے اور جب اپنی قوم میں پلٹ کر آئے تو انکو ڈرائے تاکہ وہ

ع ۱۶ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا

لوگ بھی بچیں اے ایمان لانیوالو کفار میں سے جو تمہارے

ربع الَّذِينَ يَلُونَكُم مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً ۚ

آس پاس ہیں انسے لڑتے رہو اور ضرور ہے کہ وہ تم میں سختی محسوس کریں اور یہ جان لو کہ

وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ۝ وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ

اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے اور جبوقت کوئی سورت نازل

سُورَةٌ فَمِنْهُم مَّن يَقُولُ أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَٰذِهِ إِيمَانًا ۚ

کی جاتی ہے تو کوئی کوئی ان میں سے ایسا بھی ہے جو یہ کہدیتا ہے کہ تم میں سے ایسا کون ہے جسکا

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَهُمْ

اس سورت نے ایمان بڑھادیا ہو پس جو لوگ ایمان لائے ہیں انکا تو اس سورت نے ایمان بڑھا ہی دیا اور

يَسْتَبْشِرُونَ ۝ وَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

وہ خوش بھی ہو رہے ہیں اور رہے وہ لوگ جنکے دلوں میں روگ ہے انکے شک پر اسی

فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا إِلَىٰ رِجْسِهِمْ وَمَاتُوا وَهُمْ

سورت نے کچھ اور شک بڑھادیا ہے اور وہ کفر کی حالت میں

كَافِرُونَ ۝ أَوَلَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ

مرجاتے ہیں آیا وہ یہ نہیں دیکھتے ہیں کہ ہر سال ایک مرتبہ یا دو مرتبہ انکی جانچ

عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ

کی جاتی ہے پھر نہ وہ توبہ ہی کرتے ہیں

وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝ وَاِذَا مَآ

اور نہ نصیحت ہی حاصل کرتے ہیں اور جو وقت کوئی

اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ط

سورت نازل کیجاتی ہے تو وہ (بطور اشارہ) ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہیں

هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ط

(اور اپنی جگہ یہ کہتے ہیں) کہ کیا تمکو کوئی دیکھ رہا ہے پھر وہاں سے پلٹ آتے ہیں

صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

خدا نے بھی اُنکے دل پھیر دئے ہیں اس لئے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو

لَّا يَفْقَهُوْنَ ۝ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ

سمجھ نہیں رکھتے بیشک تمہارے پاس ایک ایسا رسول تمہارے ہی

اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ

ابنائے جنس سے آیا ہے کہ جو تمکو ناگوار ہے وہ اُسکو بھی شاق

حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

ہے اُسکی سب سے بڑی خواہش تمہاری نسبت یہ ہے کہ تم ایمان لاؤ (وہ) مومنین

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ

پر بہت نرم دل اور مہربان ہے پھر اگر وہ لوگ روگرداں ہوں تو تم کہدو کہ

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ

میرے لئے تو اللہ ہی کافی ہے۔ اُسکے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اُسی پر

ع ۱۶ ۵ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

بھروسا کرلیا ہے اور وہی بڑے عرش کا مالک ہے

اس آیت کو یوں نازل فرمایا ہے لَقَدْ جَآءَنَا رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِنَا عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتْنَا حَرِيْصٌ عَلَيْنَا بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ



سورة يونس مكية وهي مائة وتسع آيات

بسم الله الرحمن الرحيم ○

رحمن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الر تلك آيات الكتاب الحكيم ○

الر یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں

أكان للناس عجبا أن أوحينا إلى

کیا لوگوں کو یہ بات عجیب معلوم ہوئی کہ ہم نے انہی میں سے ایک شخص

رجل منهم أن أنذر الناس وبشر

کی طرف یہ وحی بھیجی کہ تم لوگوں کو ڈراؤ اور جو اُن میں سے ایمان

الذين آمنوا أن لهم قدم صدق عند

لائے ہیں اُنکو یہ خوشخبری سُنا دو کہ اُنکے رب کے پاس اُنکا سچا مرتبہ

ربهم قال الكافرون إن هذا لساحر

اور پایہ ہے کافروں نے یہ کہدیا کہ یہ تو کھلا جادو

مبين ○ إن ربكم الله الذي خلق

ہے بیشک تمہارا پروردگار وہی خدا ہے جسنے آسمانوں کو

السماوات والأرض في ستة أيام ثم


اور زمیں کو چھ دن میں بنایا پھر (اُسکا حکم)

استوى على العرش يدبر الأمر

عرش پر غالب آیا (اور وہی) معاملات کا بندوبست کرتا ہے

ما من شفيع إلا من بعد إذنه ذلكم الله

بغیر اُسکے حکم کے کوئی سفارشی ہو ہی نہیں سکتا یہی اللہ تو تمہارا



[illegible]

رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝ إِلَيْهِ

پروردگار ہے اُسی کی عبادت کرو کیا اب بھی غور نہیں کرتے تم سب کی

مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا ۖ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ إِنَّهُ

بازگشت اسی کی طرف ہے اللہ کا وعدہ سچا ہے بیشک وہی

يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ

مخلوق کو بناتا ہے پھر وہی اُنکو لوٹا کر لائیگا تاکہ جو لوگ ایمان لائے

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ ۚ وَالَّذِينَ

اور انصاف کے ساتھ نیک عمل کرتے رہے اُنکو جزائے خیر دے اور اُنکے لئے جو

كَفَرُوا لَهُمْ شَرَابٌ مِنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ

کافر ہو گئے تھے بعوض اُسکے جسکا وہ انکار کرتے تھے کھولتے ہوئے پانی

أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ۝ هُوَ الَّذِي

کی پلائی ہو اور دردناک عذاب وہ خدا وہی تو ہے جسنے

جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَالْقَمَرَ نُورًا وَ

سورج کو روشن قرار دیا ہے اور چاند کو نور اور

قَدَّرَهُ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوا عَدَدَ السِّنِينَ

چاند کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم برسوں کی گنتی اور حساب سمجھ لیا کرو

وَالْحِسَابَ ۚ مَا خَلَقَ اللَّهُ ذَٰلِكَ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ

اللہ نے ان سب چیزوں کو برحق پیدا کیا ہے سمجھنے والے

يُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ إِنَّ

لوگوں کے لئے وہ اپنی آیتیں کھولکر بیان کرتا ہے بالتحقیق

فِي اخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ

رات اور دن کی اَدل بدل میں اور جو کچھ اللہ نے آسمانوں میں اور زمین میں

منزل

[illegible]

لہ إِنَّهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ یہ آیت غور سے دیکھنے اور پڑھنے کے لائق ہے۔ اسکے نزول سے یہ بتلانا منظور ہو کہ ابتدائے خلقت انسان اور پھر

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ○ اِنَّ

پیدا کیا ہے اُس میں پرہیزگار لوگوں کے لئے بہت سی نشانیاں موجود ہیں یقیناً وہ

الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

لوگ جنکو ہماری حضور میں آنیکی امید نہیں ہے زندگانی دنیا پر راضی اور اسی پر

وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ○

مطمئن ہو گئے ہیں اور وہ لوگ جو ہماری آیتوں سے غافل ہیں

اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ○

بوجہ اُنکے افعال کے اُنہی کا ٹھکانا جہنم ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک کام کئے اُنکے ایمان کے سبب اُنکا

بِاِيْمَانِهِمْ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ

پروردگار اُنکو نعمت والی جنتوں میں پہنچا دیگا جنکے نیچے ندیاں بہتی

النَّعِيْمِ ○ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ

ہیں اُنکی دعا اُن جنتوں میں یہ ہو گی کہ اے اللہ تو پاک ہے اور اُنکی

فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

صاحب سلامت اُسمیں سلام ہوگی اور اُنکی ختم دعا یہ ہوگی کہ ہر قسم کی تعریف تمام عالموں کے پروردگار

ع الْعٰلَمِيْنَ ○ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ

کے لئے زیبا ہے اور اگر خدا تعالےٰ آدمیوں کے لئے بُرائی میں بھی اُتنی ہی جلدی کرے

بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ

جتنی کہ اُنکے لئے نیکی میں کرتا ہے تو اُنکی مدت بہت ہی جلدی پوری کردی جائے۔ ہم تو اُن لوگوں کو جو

لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ○ وَاِذَا

ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے اُنکی سرکشی میں چھوڑ دیتے ہیں کہ وہ آپ ہی سرگرداں رہیں اور انسان کو

منزل ٣

...کے وقت عرب کرتے ہیں۔ جیسے کہتے ہیں دفعنی اللہ من بینکم (خدا مجھ کو تمہارے گھر سے اٹھا لے) فامطر علینا حجارۃ ...

مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ

جب کوئی مصیبت آپڑتی ہے تو ہمکو لیٹے لیٹے بیٹھے بیٹھے کھڑے کھڑے پکارنے لگتا ہے

قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ

پھر جب ہم اسکی مصیبت دور کردیتے ہیں تو اپنی پہلی ہی رفتار چلنے لگتا

اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا

ہے گویا اسنے مصیبت دور کرنیکے لئے جو اسپر پڑی تھی ہمسے دعا ہی کی تھی اسی طرح زیادتی کرنیوالوں کیلئے جو عمل وہ

يَعْمَلُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

کیا کرتے ہیں زینت دیدی گئی ہیں اور بیشک ہمنے تم سے پہلے بہت سے ابنائے زمانہ ہلاک کردئے

لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا

جبکہ اُن لوگوں نے نافرمانیاں کیں حالانکہ اُنکے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے مگر وہ اس

كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ۝

قابل ہی نہ رہے تھے کہ ایمان لاتے گنہگار لوگوں کو ہم اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں

ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ

پھر اُنکے بعد ہمنے تمکو اس زمین میں خلیفہ قرار دیا ۔ تاکہ ہم دیکھیں کہ تم کیسے

كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ

عمل کرتے ہو اور جسوقت اُن لوگوں کے سامنے ہماری کھلی دلیلیں پڑھی جاتی ہیں

قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ

تو جنکو ہماری ملاقات کی امید نہیں ہے وہ کہدیتے ہیں کہ ایک قرآن ایسا ہی اور لے آؤ یا

اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ

اسکو بدل ڈالو تم کہدو کہ مجھے کیا پڑی ہے کہ میں اسے خود اپنی طرف سے بدل دوں میں تو اسکی

نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ

پیروی کرتا ہوں جو کچھ میری طرف وحی کی جاتی ہے اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں

ع ٢

إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ○ قُلْ

تو میں تو بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں تم یہ کہدو کہ

لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا تَلَوْتُهُ عَلَيْكُمْ وَلَا أَدْرَاكُمْ بِهِ ز

اگر اللہ چاہتا تو میں نہ یہ تمکو پڑھکر سناتا اور نہ خدا تمکو اسکی اطلاع دیتا

فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِنْ قَبْلِهِ ط أَفَلَا تَعْقِلُونَ ○

آخر اس سے پہلے میں نے ایک عمر تم ہی میں گزاری کیا تم اتنی بھی سمجھ نہیں رکھتے

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ

اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو خدا پر جھوٹا بہتان باندھے یا اُسکی آیتوں کو جھٹلائے

بِآيَاتِهِ ط إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ ○ وَيَعْبُدُونَ مِنْ

بیشک قصوروار فلاح نہیں پاتے وہ اللہ کو چھوڑکر انکو پوجتے

دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ

ہیں جو انکو نہ کوئی ضرر پہنچائیں اور نہ کوئی نفع بخشیں اور کہتے ہیں کہ یہ

هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللَّهِ ط قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللَّهَ بِمَا

خدا کے پاس ہمارے سفارشی ہیں تم یہ کہدو کہ تم خدا کو اُس چیز سے آگاہ کرتے ہو

لَا يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ط سُبْحَانَهُ وَ

جسے وہ نہ آسمانوں میں جانتا ہے اور نہ زمین میں اور جن چیزوں کو یہ اسکا شریک

تَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ○ وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً

ٹھہراتے ہیں اُسکی ذات اُنسے منزہ اور برتر ہے اور پہلے تو سب آدمی ایک گروہ تھے پھر (خواہش نفسانی

وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا ط وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ

سے) مختلف ہوگئے اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ہو چکی ہوتی

رَبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ○ وَيَقُولُونَ

تو جس بارے میں وہ اختلاف کیا کرتے ہیں اُسمیں انکے مابین کبھی کا فیصلہ ہوگیا ہوتا اور وہ یہ کہتے ہیں

لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ

کہ اسکے رب نے اسپر کوئی نشانی کیوں نہ نازل فرمائی تم یہ کہدو کہ غیب کا مالک تو خدا ہی ہے

ع ۶ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ ۝ وَاِذَآ

پس تم بھی منتظر رہو (اور) میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنیوالوں میں ہوں اور جب ہم نے

اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ

لوگوں کو بعد اسکے کہ اُنپر تکلیف گزر چکی تھی (اپنی) رحمت کا مزہ چکھایا تو وہ ہماری آیتوں

مَّكْرٌ فِیْٓ اٰیَاتِنَا ۚ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ۚ اِنَّ رُسُلَنَا

میں چالیں چلنے لگے تم یہ کہدو کہ چالوں کا بدلہ دینے میں خدا تعالےٰ سب سے تیز ہے بیشک

یَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِیْ یُسَیِّرُكُمْ فِی الْبَرِّ

ہمارے فرشتے جو چالیں تم چلتے ہو وہ سب لکھتے جاتے ہیں وہ وہی تو ہے جو تمکو خشکی اور تری میں لے چلتا ہے

وَالْبَحْرِ ؕ حَتّٰیٓ اِذَا كُنْتُمْ فِی الْفُلْكِ ۚ وَجَرَیْنَ بِهِمْ بِرِیْحٍ

یہانتک کہ جب تم کشتیوں میں ہوتے ہو اور اچھی اچھی ہواؤں کے ساتھ وہ لوگوں کو لیکر

طَیِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَآءَتْهَا رِیْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ

چلتی ہیں اور لوگ بھی اُس سے خوش ہوتے ہیں تو یکایک کشتی کو ایک آندھی آلیتی ہے اور ہر طرف سے انکو

الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِیْطَ بِهِمْ ۙ

موجیں آگھیرتی ہیں اُس وقت وہ گمان کرنے لگتے ہیں کہ اب ہم ہلاک ہوئے تو خدا اسی کیلئے

دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۚ لَئِنْ اَنْجَیْتَنَا مِنْ

دل سے دعا مانگنے لگتے ہیں کہ اگر اس سے تو نے ہمکو بچا لیا تو ہم

هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ۝ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ

ضرور شکر گزاروں میں سے ہو جاویں پھر جب وہ انکو بچا لیتا ہے تو زمین

یَبْغُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ ؕ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا

میں ناحق (ناحق) فساد کرنے لگتے ہیں اے آدمیو سوائے اسکے نہیں

لہ مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ کہتے ہیں کہ اہل مکہ سات برس تک قحط میں مبتلا رہے یہانتک کہ مردار کھانے لگے پھر جب

بَغْيُكُمْ عَلَىٰٓ أَنفُسِكُم مَّتَاعَ الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا ثُمَّ إِلَيْنَا

کہ تمہاری بغاوت کا ضرر اس زندگانی دنیا کے سرمایہ میں تمہاری ہی ذات کی لوٹ ہے پھر تمہاری بازگشت

مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ○ إِنَّمَا

ہماری طرف ہوگی پھر جو جو عمل تم کیا کرتے تھے ہم تمکو سب جتلا دینگے سوائے اسکے نہیں ہے

مَثَلُ الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ أَنزَلْنَٰهُ مِنَ السَّمَآءِ

کہ زندگانی دنیا کی مثال اُس پانی کی سی ہے جسکو ہم نے آسمان سے اُتارا

فَاخْتَلَطَ بِهِۦ نَبَاتُ الْأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَٰمُ

پھر اُسکے ساتھ زمین کی وہ نباتات جسکو آدمی اور جانور کھاتے پیتے ہیں مخلوط ہو گئی

حَتَّىٰٓ إِذَآ أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ

یہانتک کہ جب زمین کی اُس سے زینت ہوئی اور وہ بن سنور گئی اور اہل زمین نے یہ خیال بھی

أَهْلُهَآ أَنَّهُمْ قَٰدِرُونَ عَلَيْهَآ أَتَىٰهَآ أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا

کرلیا کہ اب ہم اُسپر قابو پانیوالے ہیں تو یکایک ہمارا عذاب رات کو یا دن میں آپہنچا

فَجَعَلْنَٰهَا حَصِيدًا كَأَن لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ كَذَٰلِكَ

اور اُسکا ایسا ڈھیر کردیا گویا کل وہ کوئی چیز ہی نہ تھی اس طرح سے

نُفَصِّلُ الْآيَٰتِ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ○ وَاللَّهُ يَدْعُوٓا۟ إِلَىٰ

ہم اُن لوگوں کیلئے جو غور و فکر کریں مفصل طور پر آیتیں بیان کرتے ہیں اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف

دَارِ السَّلَٰمِ وَيَهْدِى مَن يَشَآءُ إِلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسْتَقِيمٍ

بُلاتا ہے اور جسے چاہتا ہے اپنی (توفیق سے) راہِ راست تک پہنچا دیتا ہے

لِّلَّذِينَ أَحْسَنُوا۟ الْحُسْنَىٰ وَزِيَادَةٌ وَلَا يَرْهَقُ

اُن لوگوں کے واسطے جنھوں نے نیکی کی بہتری بھی ہے اور اُسپر زیادتی بھی اُنکے چہروں پر

وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَلَا ذِلَّةٌ أُو۟لَٰٓئِكَ أَصْحَٰبُ الْجَنَّةِ

نہ سیاہی چھائیگی اور نہ ذلت وہی جنتی ہیں

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ

اُنمیں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے اور وہ لوگ جنہوں نے بدی کی ہر بدی کا بدلہ اُسی کے

سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ

برابر ہے اور اُنپر ذلت بھی چھا جائیگی اللہ کی طرف سے کوئی اُنکا

مِنْ عَاصِمٍ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ

بچانیوالا نہ ہوگا (ایسا معلوم ہوگا) گویا اُنکے چہروں پر اندھیری رات کا ایک ٹکڑا

الَّيْلِ مُظْلِمًا اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا

چھا گیا ہے جہنمی وہی ہیں اُس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ)

نصف

خٰلِدُوْنَ ○ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ

رہنے والے ہونگے اور جس دن ہم اُن سب کو جمع کرینگے پھر ہم اُن لوگوں سے جو شرک

لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ فَزَيَّلْنَا

کیا کرتے تھے یہ کہینگے کہ تم اور تمہارے شرکاء اپنی اپنی جگہ ٹھہرو پھر ہم اُنکے باہمی

بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ○

تعلق قطع کر دینگے اور اُنکے شرکاء یہ کہدینگے کہ تم ہماری عبادت تو نہیں کیا کرتے تھے

فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ

بس ہمارے اور تمہارے مابین گواہی دینے کو اللہ کافی ہے کہ ہم تمہاری عبادت سے

عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ○ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ

بالکل بے خبر ہیں اُسوقت ہر نفس اس بات کو جانچ لیگا کہ وہ پہلے

اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ

کیا کیا کر چکا ہے اور وہ سب اللہ اپنے برحق مالک کی طرف پھیرے جائینگے اور جو کچھ بہتان وہ

ع ۳

مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ

باندھا کرتے تھے وہ سب کچھ اُنکے ہاتھ سے نکل جائیگا تم یہ کہدو کہ آسمان سے اور زمین سے تمکو رزق

وَالْاَرْضَ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ

کون دیتا ہے یا سماعت اور بصارت کا اختیار کون رکھتا ہے اور وہ کون ہے جو زندہ کو

الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ

مردہ سے پیدا کر دیتا ہے اور مردہ کو زندہ سے پیدا کر دیتا ہے اور وہ کون ہے جو تمام

الْاَمْرَ ۭ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ

امور کا انتظام کرتا ہے قریب ہے کہ وہ کہینگے کہ اللہ ہی پس تم یہ کہدو کہ کیا تم (اس سے) نہیں ڈرتے پس یہی اللہ تمہارا

رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝

برحق پروردگار ہے تو حق کے بعد سوائے گمراہی کے اور ہے کیا؟ پھر کہاں پلٹے جاتے ہو؟

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ

اسی طرح تمہارے پروردگار کی بات اُن لوگوں کے برخلاف جنہوں نے نافرمانی کی تھی ثابت ہو گئی کہ وہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا

ایمان نہ لائینگے تم یہ کہدو کہ تمہارے شرکاء میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو ایسی مخلوق

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ

از سر نو پیدا کرے پھر اسکو دہرا بھی دے تم کہدو کہ اللہ ہی مخلوق کو از سر نو پیدا کرتا ہے پھر اسکو دہراتا ہے

فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ

پس تم جاتے کدھر ہو؟ تم کہدو کہ تمہارے شرکاء میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو حق کی ہدایت

اِلَى الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى

کرے تم یہ کہدو کہ اللہ حق تک پہنچاتا ہے آیا وہ شخص جو حق تک پہنچا دے اسکا زیادہ

الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ

مستحق ہے کہ اسکی پیروی کیجائے یا وہ جسکو خود راستہ نہیں ملتا جبتک کوئی اور اسکو راستہ نہ بتلادے

فَمَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ۭ

پس تمکو کیا ہو گیا ہے؟ کیسے فیصلہ کرتے ہو؟ اور اُن میں سے اکثر صرف گمان کے پیرو ہیں

إِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا
یقیناً گمان حق سے مستغنی نہیں کرسکتا اور جو کچھ بھی وہ کرتے ہیں اللہ اسکو

يَفْعَلُونَ ۝ وَمَا كَانَ هَٰذَا الْقُرْآنُ أَنْ يُفْتَرَىٰ مِنْ
جانتا ہے اور یہ قرآن ایسا نہیں ہے کہ خدا کے سوا کسی اور کی طرف سے

دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِنْ تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ
بنا لیا جائے بلکہ یہ اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق ہے اور اس میں کچھ شک نہیں کہ

الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ أَمْ يَقُولُونَ
تمام عالم کے پروردگار کی طرف سے لکھے ہوئے (احکام) کی تفصیل ہے آیا وہ یہ کہتے ہیں

افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ
کہ پیغمبر نے اسکو بنا لیا ہے کہدو کہ (اگر سچ اسکو بنا لیا ہے تو) تم بھی اسکے مانند ایک سورہ بنا لاؤ

اسْتَطَعْتُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ بَلْ
اور اگر تم سچے ہو تو اللہ کے سوا جس جس کو بلا سکتے ہو بلا لو بلکہ

كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ
انہوں نے تو اسکو جھٹلا دیا جسکے علم کا وہ احاطہ نہ کرسکے اور جسکا مطلب ان تک پہنچا ہی نہیں

كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ
اسی طرح ان لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے تھے پھر غور کرلو کہ ظالموں کا انجام

عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ۝ وَمِنْهُمْ مَنْ يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُمْ مَنْ
کیسا ہوا؟ اور ان میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو اسپر ایمان رکھتا ہے

ع ۹ لَا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ۝ وَإِنْ
اور کوئی کوئی ایسا ہے جو اسپر ایمان نہیں رکھتا اور تمہارا پروردگار فساد کرنے والوں سے خوب واقف ہے اور اگر وہ تمہیں

كَذَّبُوكَ فَقُلْ لِي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۖ أَنْتُمْ بَرِيئُونَ
جھٹلائیں تو تم یہ کہدو کہ میرا کیا میرے لئے اور تمہارا کیا تمہارے لئے جو کچھ میں کرتا ہوں اس سے

مِمَّآ اَعۡمَلُ وَاَنَا بَرِیٓءٌ مِّمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ۝ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ

تم بری ہو اور جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے میں بری ہوں اور اُنہیں سے بعض ایسے ہیں

یَّسۡتَمِعُوۡنَ اِلَیۡکَ ؕ اَفَاَنۡتَ تُسۡمِعُ الصُّمَّ وَلَوۡ کَانُوۡا

جو تمہاری باتیں خوب غور سے سُنتے ہیں کیا تم بہرَن کو سُنا سکتے ہو جس حال میں کہ وہ عقل ہی

لَا یَعۡقِلُوۡنَ ۝ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ یَّنۡظُرُ اِلَیۡکَ ؕ اَفَاَنۡتَ

نہ رکھتے ہوں اور اُن میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو تمہاری طرف گھور گھور کے دیکھتا ہے

تَهۡدِی الۡعُمۡیَ وَلَوۡ کَانُوۡا لَا یُبۡصِرُوۡنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ

پھر کیا تم اندھوں کو راستہ بتا سکتے ہو جس حال میں کہ وہ کچھ سوجھ بوجھ نہیں رکھتے بالتحقیق اللہ آدمیوں

لَا یَظۡلِمُ النَّاسَ شَیۡـًٔا وَّلٰکِنَّ النَّاسَ اَنۡفُسَهُمۡ

پر ذرا بھی ظلم نہیں کرتا بلکہ آدمی (خود) اپنی جانوں پر ظلم توڑتے

یَظۡلِمُوۡنَ ۝ وَیَوۡمَ یَحۡشُرُهُمۡ کَاَنۡ لَّمۡ یَلۡبَثُوۡۤا اِلَّا

ہیں اور جس دن ہم اُنکو جمع کرینگے تو ایسا معلوم ہوگا گویا دن کو ایک

سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ یَتَعَارَفُوۡنَ بَیۡنَهُمۡ ؕ قَدۡ خَسِرَ

گھنٹہ بھر سے زیادہ نہیں ٹھہرے آپس میں ایک دوسرے کو پہچان لینگے جو لوگ ہماری حضور میں

الَّذِیۡنَ کَذَّبُوۡا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا کَانُوۡا مُهۡتَدِیۡنَ ۝

آنیکو جھٹلاتے تھے اور ہدایت یافتہ نہ تھے وہ ضرور نقصان اُٹھائینگے

وَاِمَّا نُرِیَنَّکَ بَعۡضَ الَّذِیۡ نَعِدُهُمۡ اَوۡ نَتَوَفَّیَنَّکَ

اور جس چیز کا اُنسے وعدہ کرتے ہیں اگر ہم اُسکا کوئی حصّہ تمکو دکھلا دیں یا تمہاری عمر پوری

فَاِلَیۡنَا مَرۡجِعُهُمۡ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِیۡدٌ عَلٰی مَا یَفۡعَلُوۡنَ ۝ وَلِکُلِّ

کردیں تو بھی تو اُنکی بازگشت ہماری ہی طرف ہوگی پھر جو کچھ وہ کرتے ہیں خدا (خود) اُسکا گواہ ہوگا اور ہر

اُمَّةٍ رَّسُوۡلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوۡلُهُمۡ قُضِیَ بَیۡنَهُمۡ بِالۡقِسۡطِ

اُمّت کیلئے ایک رسول ہے پس جب جب اُنکا رسول آتا جائیگا اُنکے مابین انصاف کے ساتھ فیصلہ

وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن

ہٹایا جائیگا اور انکو نقصان نہ پہنچایا جائیگا اور وہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتاؤ یہ

كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَلَا نَفْعًا

وعدہ کب ہوگا؟ تم یہ کہدو کہ سوائے اُتنے کے جتنا اللہ کو منظور ہے میں تو اپنی

إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۗ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ

ذات کے لئے نہ ضرر کا مالک ہوں نہ نفع کا ہر امت کے لیے ایک وقت مقرر ہے جب اُنکا مقررہ وقت آجاتا ہے

فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝ قُلْ

تو نہ وہ ایک ساعت تاخیر کرسکتے ہیں اور نہ پیش قدمی تم یہ کہدو کہ

أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتًا أَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ

آیا تم نے یہ سوچا کہ اگر اُسکا عذاب تم پر یکایک رات کو یا دن میں آپہنچے تو یہ گنہگار اُسکے متعلق

مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ ۝ أَثُمَّ إِذَا مَا وَقَعَ آمَنتُم بِهِ ۚ آلْآنَ

جلدی کاہے کی کرتے ہیں کیا تم جب وہ عذاب واقع ہو جائیگا تب اُسپر ایمان لاؤ گے اب تم

وَقَدْ كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ ۝ ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا

قائل ہوئے حالانکہ تم ہی تو اسکی جلدی کیا کرتے تھے پھر اُسوقت ظالموں سے کہا جائیگا کہ

ذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا بِمَا كُنتُمْ

ہمیشہ کا عذاب چکھو جو کچھ تم کیا کرتے تھے تمکو اُسی کی تو سزا

تَكْسِبُونَ ۝ وَيَسْتَنبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ ۖ قُلْ إِي وَرَبِّي

دی جاتی ہے اور وہ تم سے دریافت کرتے ہیں کہ کیا وہ واقعہ حق ہے تم کہدو کہ ہاں میرے پروردگار کی

إِنَّهُ لَحَقٌّ ۖ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ ۝ وَلَوْ أَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ

قسم وہ بیشک حق ہے اور تم اُس (خدا کو) عاجز کرنیوالے نہیں ہو اور اگر کسی ظالم شخص کے پاس زمین

ظَلَمَتْ مَا فِي الْأَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهِ ۗ وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ

میں جو کچھ ہے وہ سب کچھ بھی ہوتا تو بھی وہ اُسے فدیہ میں دیدیگا اور جسوقت وہ عذاب کو دیکھینگے

(نقشہ ۵) یہ لغت اضداد میں سے ہے جس کے معنی اظہار و اخفاء دونو کے ہیں ۔ قاموس ۔

لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○

ندامت کو چھپائینگے اور اُنکے مابین انصاف سے فیصلہ کیا جائیگا اور اُنپر ظلم نہ کیا جائیگا

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ

خبردار رہو کہ آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ سب اللہ کا ہے آگاہ رہو کہ اللہ کا

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ هُوَ

وعدہ سچا ہے لیکن اُن میں سے اکثر جانتے نہیں وُہی

يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ

جلاتا ہے اور وہی مارتا ہے اور اُسی کی حضور میں تم سب کی بازگشت ہوگی۔ اے لوگو تمہارے پاس تمہارے

جَاۗءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَاۗءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ

رب کی طرف سے نصیحت آئی اور جو کچھ سینوں میں ہے اُسکے لئے شفا

وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ

اور مؤمنین کے لئے ہدایت و رحمت تم کہدو کہ خدا کے فضل اور رحمت ہی

بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ۭ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ○

سے تو اُنکو خوش ہونا چاہیے اور جو کچھ وہ جمع کرتے ہیں اُس سے یہ بسا بہتر ہے

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ

تم یہ کہدو کہ ذرا غور تو کرو کہ جو کچھ رزق اللہ نے تمہارے لئے نازل کیا ہے اُس میں سے تمنے کسی کو حلال قرار

حَرَامًا وَّحَلٰلًا ۭ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَي اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ○

دے لیا اور کسی کو حرام دریافت کرو کہ آیا اللہ نے تمکو اسکا حکم دیا ہے یا تم خدا پر بہتان باندھتے ہو

وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَي اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ

اور جو لوگ اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں قیامت کے دن کے بارے میں اُنکا گمان کیا ہے؟

اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَي النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

بیشک اللہ آدمیوں پر فضل کرنیوالا ہے لیکن اکثر اُن میں سے

لَا يَشْكُرُونَ ۝ وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ وَمَا تَتْلُو مِنْهُ

ناشکرے ہیں اور (اے رسول) تم جس حال میں بھی ہوتے ہو اور جو حصّہ قرآن بھی

مِنْ قُرْآنٍ وَلَا تَعْمَلُونَ مِنْ عَمَلٍ إِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ

تم پڑھتے ہو اور جو عمل بھی تم کرتے ہو ہم ہر حال میں تمہارے پاس ہوتے ہیں

شُهُودًا إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ ۚ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَبِّكَ

خواہ تم کسی وقت بھی اسکا آغاز کرو اور تمہارے رب سے زمین و آسمان کی ذرہ بھر

مِنْ مِثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَلَا أَصْغَرَ

کوئی چیز غائب نہیں ہوتی اور نہ اُس سے چھوٹی اور نہ بڑی

مِنْ ذَٰلِكَ وَلَا أَكْبَرَ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ۝ أَلَا إِنَّ

مگر یہ کہ روشن کتاب میں سب کچھ موجود ہے آگاہ ہو کر (جو)

أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ الَّذِينَ

دوستانِ خدا (ہیں) انکو نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ محزون ہونگے وہ (وہی) لوگ

آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ۝ لَهُمُ الْبُشْرَىٰ فِي الْحَيَاةِ

(ہیں) جو ایمان لائے اور پرہیزگاری برتتے تھے انکے لئے زندگانی دنیا میں (بھی) خوشخبری ہے

الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۚ لَا تَبْدِيلَ لِكَلِمَاتِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ

اور آخرت میں (بھی) کلمات خدا میں کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی وہی تو بڑی

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّ

کامیابی ہے اور تمکو انکی باتیں رنج نہ دیں بیشک

الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا ۚ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ أَلَا إِنَّ لِلَّهِ

پورا پورا غلبہ خدا کا ہے اور وہی سننے والا جاننے والا ہے آگاہ ہو کہ آسمانوں میں

مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ ۗ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِينَ

اور زمین میں جو جو ہیں وہ سب خدا کے ہیں اور جو اللہ کے سوا کسی اور کو

قائم آل محمد کی بھی بشارت دیتے ہیں اور ان حضرت کے ظہور کی بھی اور انکے دشمنوں کے قتل کی بھی اور آخرت میں نجات کی بھی اور جناب مصطفےٰ اور علی آل پاک کی خدمت میں حوض کوثر پر پہنچنے کی

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ

پکارتے ہیں وہ بھی اُن شرکاء کی پیروی نہیں کرتے وہ محض گمان کی پیروی کرتے ہیں

وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ

اور وہ محض جھوٹ بولتے ہیں وہ وہی ہے جسنے تمہارے لئے رات اسواسطے مقرر کی

لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

کہ تم اُس میں آرام کرلو اور دن کو دکھانیوالا بنایا بیشک اسی میں اُنکے لئے نشانیاں موجود ہیں

لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ

جو سنیں اُنہوں نے تو یہ کہدیا کہ خدا نے بیٹا بنا لیا اُسکی ذات (ایسی باتوں سے) منزہ ہے

هُوَ الْغَنِيُّ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنْ

وہ سب سے بے پرواہ ہے آسمانوں میں اور زمین میں جو جو کچھ ہے وہ سب اُسی کا ہے کیا

عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

تمہارے پاس اسکی کوئی دلیل ہے؟ یا تم اللہ کے برخلاف وہ کچھ کہتے ہو

مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

جو تم نہیں جانتے؟ تم یہ کہدو کہ بیشک وہ لوگ جو خدا پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں

الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ۝ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا

فلاح نہ پائینگے دنیا میں نفع اُٹھانا تھوڑے دن کا ہے پھر اُنکی بازگشت

مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا

ہماری طرف ہوگی پھر جن باتوں کا وہ انکار کیا کرتے تھے اُنکے بدلے ہم اُنکو سخت عذاب

يَكْفُرُوْنَ ۝ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ ع ١٢

چکھائینگے اور اُنکو نوحؑ کی خبر پڑھ کر سناؤ جسوقت اُنہوں نے اپنی قوم سے کہا

يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

کہ اے میری قوم اگر تمکو میرا رہنا اور خدا کی آیتیں سمجھانا ناگوار ہے تو میرا تو

فعلى الله توكلت فأجمعوا أمركم وشركاءكم ثم لا يكن

بھروسہ اللہ پر ہے پس اپنے معاملہ کو درست کرو اور اپنے شرکاء کو جمع کر لو پھر تمہارا امر تم

أمركم عليكم غمة ثم اقضوا إلي ولا تنظرون ○

پوشیدہ نہ رہے (یعنی کھلم کھلا مقابلہ میں آجاؤ) پھر (جو کچھ کرنا ہے) میرے لئے کر گزرو اور مجھے مہلت نہ دو

فإن توليتم فما سألتكم من أجر إن أجري إلا

پھر اگر تم روگرداں ہو تو میں نے تو تم سے کوئی مزدوری نہیں مانگی میری مزدوری تو اللہ کے

على الله وأمرت أن أكون من المسلمين ○ فكذبوه

ذمہ ہے اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں خالص اطاعت کرنیوالوں سے ہو جاؤں پس اُن لوگوں نے

فنجينه ومن معه في الفلك وجعلنهم خلئف وأ

اُنکو جھٹلایا پس ہم نے (خود) اُنکو اور جو کشتی میں اُنکے ساتھ تھے اُنکو نجات دی اور اُنکو پہلوں کا جانشین کیا

غرقنا الذين كذبوا بآيتنا فانظر كيف كان عاقبة

اور جو ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے اُن سب کو ہم نے ڈبو دیا پس سوچ لو کہ انجام اُن لوگوں کا جنکو ڈرایا جاتا تھا

المنذرين ○ ثم بعثنا من بعده رسلا إلى قومهم

کیا ہوا؟ پھر ہم نے اُنکے بعد اور رسول اُنکی اپنی قوموں میں بھیجے

فجاءوهم بالبينت فما كانوا ليؤمنوا بما كذبوا

پس وہ کھلی دلیلیں لیکر آئے تاہم وہ لوگ جن باتوں کی پہلے سے تکذیب کر چکے تھے اُنپر

به من قبل كذلك نطبع على قلوب المعتدين ○

کسی طرح ایمان نہ لائے زیادتی کرنیوالوں کے دلوں پر ہم اسی طرح چھاپا لگا دیا کرتے ہیں

ثم بعثنا من بعدهم موسى وهرون إلى فرعون

پھر ہم نے اُنکے بعد موسےٰ اور ہارونؑ کو فرعون اور اُسکے درباریوں کے پاس اپنی

وملايه بآيتنا فاستكبروا وكانوا قوما مجرمين ○

نشانیاں دیکر بھیجا پس اُن لوگوں نے تکبر کیا اور وہ گنہگار لوگ تھے

بیان فرمایا۔ پھر جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ تکذیب نبوت و ولایت پہلے سے ہی چلی آتی ہے ۱۲

فَلَمَّا جَاءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا إِنَّ هَٰذَا لَسِحْرٌ
پھر جب ہمارے پاس سے اُنکے پاس حق آیا تو کہنے لگے بیشک یہ تو کھلا جادو ہے

مُبِينٌ ○ قَالَ مُوسَىٰ أَتَقُولُونَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَكُمْ أَسِحْرٌ
موسٰے (علیہ السلام) نے فرمایا کیا تم حق کی نسبت جب وہ تمہارے پاس آیا یہ کہتے ہو کہ

هَٰذَا وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُونَ ○ قَالُوا أَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا
یہ جادو ہے حالانکہ جادوگر فلاح نہیں پاتے اُنہوں نے جواب دیا کیا تم ہمارے پاس اسلئے

عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا وَتَكُونَ لَكُمَا الْكِبْرِيَاءُ فِي الْأَرْضِ
آئے ہو کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو جسپر پایا ہے اُس سے ہمکو ہٹا دو - اور تم دونوں کی اس زمین میں بڑائی قائم ہو جائے

وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِينَ ○ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُونِي بِكُلِّ
حالانکہ ہم تمپر ایمان لانیوالے نہیں ہیں اور فرعون نے یہ کہا کہ ہمارے پاس ہر واقف کار جادوگر

سَاحِرٍ عَلِيمٍ ○ فَلَمَّا جَاءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُوسَىٰ أَلْقُوا
کو لے آؤ پس جب سب جادوگر آچکے تو موسٰے (علیہ السلام) نے اُنسے فرمایا تمکو جو کچھ ڈالنا ہے

مَا أَنْتُمْ مُلْقُونَ ○ فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئْتُمْ
ڈالو پس جب وہ ڈال چکے موسٰے (علیہ السلام) نے فرمایا کہ جو کچھ تم نے کیا ہے

بِهِ السِّحْرُ ۖ إِنَّ اللَّهَ سَيُبْطِلُهُ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ
یہ جادو ہے بیشک اللہ اسکو عنقریب باطل کردیگا بیشک اللہ مفسدوں کے کسی کام کی اصلاح

الْمُفْسِدِينَ ○ وَيُحِقُّ اللَّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ
نہیں فرماتا اور اللہ تعالٰے اپنے کلمات کے ذریعہ سے حق کو حق ثابت کردیتا ہے اگرچہ

الْمُجْرِمُونَ ○ فَمَا آمَنَ لِمُوسَىٰ إِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِنْ قَوْمِهِ ع ٨ ١٢
گنہگاروں کو بُرا لگے پس فرعون اور اُسکے سرداروں کے خوف سے کہ کہیں ہمکو تکلیف نہ پہنچائیں ١٣

عَلَىٰ خَوْفٍ مِنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِمْ أَنْ يَفْتِنَهُمْ ۚ وَإِنَّ
موسٰے (علیہ السلام) پر اُنکی قوم کے تھوڑے سے آدمیوں کے سوا اور کوئی ایمان نہ لایا اور بیشک

فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْأَرْضِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الْمُسْرِفِينَ ○

فرعون اُس ملک میں غالب تھا اور یقیناً وہ بڑی زیادتی کرنیوالوں میں سے تھا

وَقَالَ مُوسَىٰ يَا قَوْمِ إِن كُنتُمْ آمَنتُم بِاللَّهِ فَعَلَيْهِ

اور موسےٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو تو اُسپر توکل رکھو

تَوَكَّلُوا إِن كُنتُم مُّسْلِمِينَ ○ فَقَالُوا عَلَى اللَّهِ

اگر تم اطاعت کرنیوالے ہو انہوں نے عرض کی کہ ہمنے اللہ پر بھروسہ

تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ○

کیا اے ہمارے پروردگار ہمکو ظالم لوگوں کی آزمائش نہ بنا

وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ○ وَأَوْحَيْنَا

اور ہمکو اپنی رحمت سے کافروں (کے ظلم) سے نجات دے اور ہمنے موسےٰ اور

إِلَىٰ مُوسَىٰ وَأَخِيهِ أَن تَبَوَّآ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوتًا

اُسکے بھائی کی طرف وحی کی کہ تم دو تو اپنی قوم کے لئے مصر میں کچھ مکان بناؤ

وَاجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ ۗ وَبَشِّرِ

اور اپنے اُن مکانوں کو نماز کی جگہ قرار دو اور (اُن میں) نماز پڑھا کرو اور مُومنین کو

الْمُؤْمِنِينَ ○ وَقَالَ مُوسَىٰ رَبَّنَا إِنَّكَ آتَيْتَ فِرْعَوْنَ

خوشخبری سُناؤ اور موسےٰ نے عرض کی کہ اے ہمارے پروردگار بالتحقیق تونے فرعون اور

وَمَلَأَهُ زِينَةً وَأَمْوَالًا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوا

اُسکے درباریوں کو زندگانی دنیا میں سامان آرائش اور مال بہت کچھ دیا ہے اے ہمارے پروردگار

عَن سَبِيلِكَ ۖ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَىٰ أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ

اسلئے کہ وہ تیری راہ سے بھٹکائیں اے ہمارے پروردگار اُنکے مال غارت کردے اور اُنکے دل سخت

عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوا حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ○

کردے کہ وہ جب تک دردناک عذاب نہ دیکھینگے ایمان نہ لاوینگے

قَالَ قَدْ اُجِیْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِیْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ

خدا تعالے نے فرمایا کہ تم دونوں کی دعا قبول ہو گئی پس تم دونوں ثابت قدم رہو اور ہرگز جاہلوں کی

سَبِیْلَ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ○ وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ

راہ نہ چلو اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا کے پار اُتار دیا

الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْیًا وَّعَدْوًا حَتّٰٓی

پس فرعون اور اُسکے لشکر نے ازروے بغاوت وظلم انکا پیچھا کیا یہانتک کہ جب وہ

اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْٓ

ڈوبنے لگا تو اُسنے کہا کہ میں اس بات پر ایمان لایا کہ جس خدا پر بنی اسرائیل

اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ○

ایمان لائے ہیں اُسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں اطاعت کرنیوالوں میں سے ہوں

آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ○

(کہا گیا کہ) کیا اب تو ایمان لاتا ہے حالانکہ پہلے تو نے نافرمانی کی اور تو فساد کرنیوالوں میں تھا

فَالْیَوْمَ نُنَجِّیْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰیَةً

پس آج کے دن ہم صرف تیرے بدن کو نجات دینگے تاکہ تو اپنے بعد والوں کیلئے نشانی رہے

وَاِنَّ كَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰیٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ○ وَلَقَدْ ع ۹

اور بیشک بہت سے آدمی ہماری نشانیوں سے غافل ہیں اور یقیناً ہم نے

بَوَّاْنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ

بنی اسرائیل کو بہت ہی اچھے مقام پر آباد کیا اور پاکیزہ چیزیں انکو کھانے کو

الطَّیِّبٰتِ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰی جَآءَهُمُ الْعِلْمُ اِنَّ

دیں پس جب تک انکے پاس علم نہ آ گیا انہوں نے کوئی اختلاف نہ کیا بیشک

رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ

تمہارا پروردگار قیامت کے دن انکے مابین ان سب باتوں کا فیصلہ کر دیگا جن میں وہ اختلاف

يَخْتَلِفُوْنَ ○ فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ

کیا کرتے تھے پھر اگر تم کو اس میں جو ہم نے تمہاری طرف نازل کیا شک ہو تو

فَسْئَلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ لَقَدْ جَآءَكَ

وہ لوگ جو تم سے پہلے سے کتاب پڑھتے ہیں اُن سے دریافت کر لو بیشک تمہارے پاس

الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ○ وَلَا تَكُوْنَنَّ

حق تمہارے رب کی طرف سے آیا پس تم ہرگز شک کرنیوالوں میں سے نہ ہونا اور نہ تم اُن میں سے

مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○

ہونا جنہوں نے آیات خدا کو جھٹلایا ورنہ تم نقصان اُٹھانیوالوں میں سے ہو جاؤ گے

اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○

بیشک وہ لوگ جن پر تمہارے رب کا حکم (کفر کی موت مرنا) ثابت ہو گیا ایمان نہ لائینگے

وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ○

جب تک کہ وہ دردناک عذاب کو دیکھ نہ لیں گو انکے پاس ہر نشانی آ جائے

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ

پس کوئی بستی ایسی نہیں ہوئی کہ وہ (عذاب کو دیکھکر) ایمان لائی ہو تو اُسکے ایمان کو

يُوْنُسَ ۭ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي

نفع دیا ہو سوائے قوم یونسؑ کے کہ وہ جبوقت ایمان لائے ہمنے زندگانی دنیا میں رسوائی کا عذاب اُنسے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ○ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ

ہٹا دیا اور پھر ایک مدت تک اُنکو آباد رکھا اور اگر تمہارا پروردگار چاہتا تو

لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ۭ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ

زمین میں جتنے ہیں سب کے سب ایمان لے آتے پھر کیا تم لوگوں کو اس بات پر مجبور کرو گے

النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ○ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ

کہ وہ مومن ہو جائیں حالانکہ کوئی نفس بغیر اذن خدا کے

تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ

ایمان نہیں لاتا اور وہ شک کو اُنہی لوگوں پر مسلط کر دیتا ہے جن میں

لَا يَعْقِلُوْنَ ○ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

عقل نہیں تم یہ کہدو کہ جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے اُس میں غور کرو

وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ○

حالانکہ جو لوگ ایمان نہ لاوینگے اُنکو نہ نشانیاں کچھ کام دیتی ہیں اور نہ ڈرانیوالے

فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ

پھر کیا وہ ایسے زمانہ کے منتظر ہیں جیسا کہ اُن سے پہلے گزر گیا

قَبْلِهِمْ ۭ قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ○

تم کہدو کہ تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنیوالوں میں سے ہوں

ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا

پھر ہم اپنے رسولوں کو اور اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں نجات دینگے اسی طرح ہم پر حق ہے کہ

عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ ع ۱۱ ۱۵

ہم مؤمنین کو نجات دیں تم کہدو کہ اے آدمیو اگر تم میرے دین کی طرف سے

فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ

شک میں ہو تو میں اُنکی عبادت نہیں کرتا جنکی خدا کو چھوڑ کر تم

دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ښ وَاُمِرْتُ

عبادت کرتے ہو ولیکن میں تو اُس اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمکو موت دیگا اور مجھے یہ حکم دیا گیا

اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ

ہے کہ میں مؤمنین میں سے ہو جاؤں اور یہ (حکم دیا گیا ہے) کہ تم اسی کی طرف خلوص سے

لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○

متوجہ رہو اور یہ کہ تم ہرگز مشرکوں میں سے نہونا

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ

اور اللہ کے سوا کسی ایسی چیز کو نہ پکارنا جو نہ تم کو نفع پہنچائے نہ ضرر

فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَاِنْ

پھر اگر تم نے ایسا کیا تو تم بھی ظالموں میں سے ہوجاؤ گے اور اگر

يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ

اللہ تم کو کوئی ضرر پہنچائیگا تو اُسکا دور کرنیوالا سوائے خود اُسکے کوئی اور نہوگا اور اگر وہ

يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

تمہارے لئے کسی کار خیر کا ارادہ کرے تو اُسکے فضل کا دفع کرنیوالا بھی کوئی نہیں وہ اپنی بندوں میں سے جسکو چاہتا ہے

مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ قُلْ يٰٓاَيُّهَا

اپنے فضل کے ذریعے خیر پہنچا دیتا ہے۔ اور وہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے تم کہدو کہ اے

النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ

آدمیو بیشک حق تمہارے رب کے پاس سے تمہارے پاس آیا اب جو شخص راہ راست

اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا

اختیار کریگا اپنی ذات کے نفع کے لئے اختیار کریگا اور جو گمراہی اختیار کرے سوائے اسکے

يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ○ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى

نہیں ہے کہ اُسکا وبال اُسی پر پڑیگا اور میں کچھ تمہارا نگران نہیں ہوں اور جو وحی تمہاری طرف بھیجی جاتی ہے

ع ١١ ١٦ اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ○

اُسکی پیروی کرو اور جبتک خدا تعالیٰ فیصلہ نہ کرے صبر کرو اور وہ فیصلہ کرنیوالوں میں سب سے بہتر ہے



سورة هود مكية وهي مائة وثلث وعشرون اٰية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓرٰ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ

الرا۔ وہ کتاب جسکی آیتیں محکم کی گئی ہیں پھر اسکی تفصیل جاننے والے حکیم کی طرف سے

حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۝ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ

کی گئی ہے کہ سوائے اللہ کے کسی کی عبادت نہ کرو بیشک میں تمہارے لئے اللہ کی طرف سے

نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ۝ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا

ڈرانے والا اور خوشخبری سنانے والا ہوں اور یہ کہ اپنے پروردگار سے گناہوں کی مغفرت مانگو پھر اسکے حضور میں

اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى

توبہ کرو وہ تمہیں ایک وقت مقررہ تک تمکو بہت اچھی طرح فائدہ پہنچائیگا اور ہر زیادہ عطا

وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ

کرنیوالے کو زیادہ عطا فرمائیگا اور اگر وہ روگرداں ہوں تو میں

اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝ اِلَى اللّٰهِ

تمہارے لئے بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں تم سب کی بازگشت

مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

اللہ ہی کی طرف ہے اور وہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت

قَدِيْرٌ ۝ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ

رکھنے والا ہے آگاہ ہو کہ وہ لوگ اپنے سینوں کو دوہرا کرلیتے ہیں

لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ

کہ اللہ سے اپنے راز چھپائیں خبردار ہو جس وقت وہ اپنے کپڑے اوڑھ لیتے

ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ

ہیں اللہ تعالٰی خوب جانتا ہے کہ وہ چھپاتے کس چیز کو ہیں اور ظاہر کس چیز کو کرتے ہیں

اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

بیشک وہ دلوں کے حال سے باخبر ہے